© rasailojaraid.com

## حضرۃ الامیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر کو صدمہ

## ان کی ہمشیرہ محترمہ کا انتقال پُر ملال

مورخہ 20 دسمبر بروز بدھ اُمیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان سینیٹر پروفیسر ساجد میر حفظہ اللہ کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ اُمیر محترم نے عیدگاہ شہاب پورہ سیالکوٹ میں خود پڑھائی۔

## موت العالم موت العالم

## شیخ الحدیث مولانا صوفی گلزار احمد کا سانحہ ارتحال

مورخہ 30 نومبر بروز جمعرات نامور عالم دین شیخ الحدیث کلیۃ دارالقرآن والحدیث فیصل آباد ظہر کی نماز کیلئے وضو کرتے ہوئے وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحوم نے ساری زندگی قرآن وحدیث کی تدریس اور مسلک اہل حدیث کی ترویج وتبلیغ میں گزاری۔آپ کے تلامذہ کی کثیر تعداد ان کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔اللھم اغفر لہ وارحمہ و عافہ واعف عنہ۔

## اُمیر مرکزی جمعیت اہل حدیث گوجرانوالہ مولانا قاری محمد حنیف ربانی کو صدمہ

مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ممتاز رہنما اور نامور خطیب مولانا قاری محمد حنیف ربانی کے جواں سالہ بیٹے قاری صفی الرحمٰن ربانی مورخہ 17 نومبر بروز جمعرات ٹریفک حادثہ میں وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحوم علوم دینیہ کے فاضل اور مسلک اہل حدیث کے داعی ومبلغ تھے بلاشبہ جواں سالہ بیٹے کی موت حضرت قاری صاحب کیلئے عظیم سانحہ ہے۔اللہ اُنہیں صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے اور مرحوم کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے بیرون ملک سے واپسی کے بعد ٹیلیفون پر حضرت الامیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر اور قاری محمد حنیف ربانی سے اظہار تعزیت کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی بخشش فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔آمین

## انجمن اہل حدیث جہلم کے سیکرٹری جنرل صدیق احمد یوسفی کو صدمہ

مورخہ 10 جنوری بروز بدھ انجمن اہل حدیث کے سیکرٹری جنرل صدیق احمد یوسفی کی اہلیہ محترمہ مختصر علالت کے بعد وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

## دُعائے صحت

جمعیۃ مناہل الخیریۃ گوجرانوالہ قسم المشاریع کے مدیر جناب عبدالعلام عارف کا جبڑے کا آپریشن ہوا،اور اب کافی حد تک بہتر ہیں ان کی صحت کاملہ عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ان کی تیمارداری کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔آمین



© rasailojaraid.com